26/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

من کی بات-1

وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں الگ الگ موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوننے ترقی کی راہ پر گامزن ملک کی متعدد حصولیابیوں کو اُجاگر کر تے ہوئے مختلف شعبوں میں بھارتی با شندوں کی نمایاں کارکردگی کو سراہا۔

وزیر اعظم نے کھلاڑیوں سے لے کر سائنسدانوں تک وِکست بھارت کی بھارت کی راہ میں کام کرنے والے ملک کی ذہین آبادی کو ایک بیش قیمتی سرمایہ قرار دیا۔ انہوننے خاص کر بھارت کے سیول نیوکلیائی پروگرام کی سراہنا کر تے ہوئے کہا کہ اب ملک میں توانائی کی حوصلہ افزا پیدا وار ہو رہی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ثقافتی وراثت سے مالا مال ہمارا ملک کثرت میں وحدت کی عکاسی کر تا ہے اور یہاں دیگر شعبوں کے ساتھ ساتھ کھانے کی ضیافتوں کے ذائقے بھی انسان کو لبھاتے ہیں۔ اس سلسلے میں انہوننے جموںو کشمیر کی ایک مخصوص ضیافت کا ذکر کیا۔

-------PM-1-------

من کی بات-2

وزیر اعظم نے کہا کہ ہمارے محنت کش نوجوان اختراع کاروں کے ساتھ ساتھ ہماری نا ری شکتی بھی زندگی کے ہر شعبے میں کامیابیوں کی نئی تاریخ رقم کر رہی ہیں۔ انہوننے کہا کہ ملک کی ترقی میں ہمارے کسانوں کا اہم کر دار ہے۔

وزیر اعظم نے مرد م شماری2027کے موضوع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اس بار یہ عمل مکمل طور پر ڈیجیٹل بنایا گیا ہے اور اس میں لوگوں کی آسانی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

------PM-2-----

نریندر مو دی نے لوگوں کی طرف سے موصول ہونے والے متعدد مراسلوں اور پیغامات کو بھی پروگرام میں شامل کیا اور ان میں ارسال کی گئی تجاویز کو سراہا۔ واضح رہے کہ آج من کی بات ریڈیو پروگرام کی یہ133ویں قسط تھی۔

ملاقاتLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھارت کے قد آورڈوگرہ مہاراجہ ہر ی سنگھ جی کو اُن کی پونیہ تِتھی پر یاد کر تے ہوئے انہیں خراج عقیدت کیا ہے۔ اسی دوران انڈومان نیکوبار جزائر کے جو شی نے لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے DKلیفٹنٹ گورنر، ریٹائرڈایڈمرل ملاقات کی۔

لوک بھون سرینگر میں کل بھی کئی اہم شخصیات نے ایل جی سے ملاقات کر کے اُن سے اپنے اپنے شعبوں سے جڑے بعض معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

لیفٹنٹ جنرل پرشانت سری GOC ملاقات کرنے والوں میں سرینگر میں فوج کی 15ویں کور کے واستوا// محمد اقبال آہنگر کی قیادت میں اربن لوکل باڈیز کارڈنیشن کمیٹی اور سیول سوسائٹی کا ایک وفد// گلو بل یوتھ فاؤنڈیشن کے چیرمین توصیف رینہ// ملی ٹرسٹ کے منیجنگ ڈائریکٹر توصیف احمد // اور مہنت راجیش گیری کی قیادت میں جمونو کشمیر سنت سماج نیاس کا ایک وفد شامل ہیں۔

جا وید ڈار

محکمہ دیہی ترقی اور زرعی پیدا وار کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کہا ہے کہ دیہی روزگاروں کو مضبوط کرنے میں ویٹر نری ڈاکٹروں کا رول نہایت اہم ہے۔

انہوںنے جموں وکشمیر میں جانورونکے علاج و معالجے اور ایک صحت بخش غذائی زنجیر بنائے رکھنے میں ان پیشہ وروں کی زبردست سراہنا کی۔

چِنتن شِور

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے زمینی سطح پر گاؤں دیہات میں کھیل کود کے کلچر کو بڑھاوا دینے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

سرینگر میں کھیل کود سے متعلق قومی سطح کے" چِنتن شِور" سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے پروگرام میں موجود ریاستوں اور مرکزی اہتمام والے علاقوں کے کھیل کود کے وزیروں اور اس شعبے کے دیگر عہدیداروں سے کہا کہ وہ سکولوں میں تعینات فزیکل کو اکثر دوسرے مضامین کے PETsایجوکیشن ٹیچرس کو تمام وسائل مہیا کرائیں۔ انہوںنے کہا کہ ہم منصب اساتذہ سے کمتر سمجھا جا تا ہے لیکن یہ ذہنیت بدلنے کی ضرورت ہے۔

بھارت کو کھیل کود کا ایک سُپرپاور بنانے کے سفر میں اہم کردار ادا PETsمنوج سنہا نے کہا کہ کر تے ہیں۔

اس موقعے پر کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ اور جموںو کشمیر کے وزیر کھیل ستیش شرما نے بھی خطاب کیا۔

ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے100 دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں منعقدہ ضلع سطح کی نارکو کارڈنیشن سینٹر کی ایک میٹنگ کے دوران منشیات کی بدعت پر قابو پانے کےلئے جا ری اقدامات کا جائزہ لینے کے علاوہ مزید کارروائیاں کرنے پر زور دیا گیا۔

بارہمولہ پولیس نے کی جانب سے نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت عوام میں بیداری پیدا کرنے کےلئے اور سمگلروں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لانے کی سرگرمیاں تیز کی گئی ہیں۔

ترال پولیس کی جانب سے علاقے کے نمبر داروں اور چوکیداروں کے ساتھ ملکر کئی دیہات میں مشترکہ جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

…………………………………………

……………………

………